CAREERINDIA

SET-4

Series TYM/R

Code No. 5B/R

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **20** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت :3 گھنٹے

کل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

CAREERINDIA

## (حصہ ۔الف)

**1**۔ درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

لوک گیت ان گیتوں کو کہتے ہیں جو کسی ملک کے عوام عام طور سے گاتے ہیں۔وہ اس ملک کی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں۔لوک گیتوں کا دائرہ بہت وسیع ہوتا ہے۔گھر،کھیت،موسم،جانور،پرندے،پیڑ پودے،میلے ٹھیلے،پیدائش سے لے کر موت تک تمام باتیں لوک گیتوں میں پائی جاتی ہیں۔لوک گیتوں کا اصل رنگ روپ وہیں اُبھرتا ہے جہاں وہ کسی پورے گروہ یا قوم کی آواز ہوتے ہیں۔انسان جس زمین اور گلی کوچے کے ماحول میں پرورش پاتا ہے۔اس سے اس کا خاص لگاؤ ہوجاتا ہے۔اسی لیے لوک گیتوں میں اپنی سرزمین کی محبت ظاہر ہوتی ہے۔جہاں لوک گیت ہیں وہاں زندگی سے پیار ہے۔لوک گیتوں میں روایات کی جھلک بھی ملتی ہے،اور ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انسان کا زمین سے کتنا گہرا رشتہ ہے۔لوک گیتوں میں الگ الگ زبانوں سے آئے ہوئے الفاظ ایک جگہ آ کر گلے ملتے ہیں۔ہم اپنی قومی زبان کی بنیاد انھی گیتوں پر رکھ سکتے ہیں۔لوک گیتوں میں ہماری تہذیب رچی بسی ہے۔گیتوں نے تہذیب کو سنوارا ہے اور تہذیب اور روایات نے گیتوں میں جان ڈالی ہے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) لوک گیت کسے کہتے ہیں؟

(a) جو کسی ملک کے عوام عام طور سے گاتے ہیں۔

(b) جو گیت فلموں میں گائے جاتے ہیں۔

(c) جو عام طور پر عوام پسند نہیں کرتے۔

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

(ii) پیدائش سے لے کر موت تک کی تمام باتیں کن گیتوں میں پائی جاتی ہیں؟

(a) فلمی گیتوں میں

(b) لوک گیتوں میں

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

(iii) لوک گیتوں کا اصل رنگ روپ کہاں اُبھرتا ہے؟

(a) جہاں وہ پورے گروہ کی آواز ہوتے ہیں

(b) جہاں وہ پوری قوم کی آواز ہوتے ہیں

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iv) لوک گیتوں میں ایک جگہ آ کر کون گلے ملتے ہیں؟

(a) الگ الگ ملکوں سے آئے ہوئے لوگ

(b) الگ الگ زبانوں سے آئے ہوئے الفاظ

(c) الگ الگ مذہب کے ماننے والے لوگ

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

(v) لوک گیتوں میں کس نے جان ڈالی ہے؟

(a) تہذیب

(b) روایات

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) اوپر کے تینوں صحیح نہیں ہیں

**2۔** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

بچپن اک سپنا تھا

کیا وہ بھی کبھی اپنا تھا

سارے دن ساری راتیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

کبھی ہنستے کبھی روتے

کوئی ڈانٹے بھی

تو اس کی پروا کب تھی

کتنا خوش کن لمحہ تھا

نہ پڑھنا تھا نہ لکھنا

اس کے باوجود بھی

زندگی کتنی حسین تھی

آہ وہ لمحہ کہاں گیا

آہ وہ بچپن کہاں گیا

شاید وہ ایک سپنا تھا

جو آنکھ کھلی تو ٹوٹ گیا

(i) شاعر نے بچپن کو کیا کہا ہے؟

(a) سپنا

(b) پیار

(c) دلار

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(ii) کتنا خوش کن لمحہ تھا ، شعر مکمل کیجیے

(a) کیا وہ بھی کبھی اپنا تھا

(b) شاید وہ اک سپنا تھا

(c) بچپن اک سپنا تھا

(d) نہ پڑھنا تھا نہ لکھنا تھا

(iii) کس بات کی پرواہ نہیں تھی؟

(a) ڈانٹ کی

(b) کھیل کی

(c) پڑھائی کی

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں۔

(iv) بچپن کی زندگی کیسی تھی؟

(a) حسین

(b) اُداس

(c) بھاگ دوڑ کی

(d) کانٹوں بھری

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(v) آنکھ کھلی تو کیا ٹوٹ گیا؟

(a) چشمہ

(b) میز پر رکھا گلاس

(c) سپنا

(d) ان میں سے تینوں صحیح ہیں۔

## (حصّہ۔ب)

**3۔** درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) الیکشن کا ایک منظر

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

(iii) موبائل فون کے بغیر زندگی کا تصور

(iv) عالمی تجارتی میلہ

**4۔** اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے اسکول کے سالانہ اسپورٹس ڈے کے بارے میں بتائیے۔ 5

**یا**

وزیرِ ٹرانسپورٹ کے نام خط لکھ کر بتائیے کہ آپ کے علاقے میں بس سروس بالکل نا ہونے کے برابر ہے۔ بس سروس کو سدھارنے کے لیے درخواست کیجیے۔

**5۔** فعل مستقبل کی تعریف لکھیے اور دو مثالیں بھی لکھیے۔ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**6**۔ درج ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھیے اور ان میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے۔ لکھیے 4

(a) سلیم لکھتا ہے

(b) لڑکیاں کھیل رہی ہیں

(c) مور ناچ رہا ہے

(d) ندیم کھانا کھا رہا ہے

**7**۔ درج ذیل میں سے کسی دو کے مترادف الفاظ لکھیے۔ 2

رنج ۔ گرد ۔ حَسین ۔ بڑھ

**8**۔ درج ذیل میں سے کسی تین کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 3

صبح ۔ شمال ۔ آغاز ۔ قید ۔ دشمن ۔ جدید

**9**۔ درج ذیل واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 3

اقسام ۔ ذرات ۔ خطوط ۔ سبزی ۔ شکایت ۔ نشان

**10**۔ درج ذیل لفظوں میں مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔ 3

دادا ۔ ہرن ۔ راجا ۔ ممانی ۔ مالن ۔ عورت

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**11۔** سابقہ ''بے'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

لاحقہ ''گاہ'' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

## (حصہ۔د)

**12۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 7

ہندوستان ایک لمبا چوڑا دیش ہے، جس میں کہیں اونچے پہاڑ اور گہری ندیاں راستہ روکتی ہیں۔ کہیں پھیلے ریگستان ہیں۔ جن میں آبادی کم ہے۔ کہیں زمین سونا اگلتی ہے، کہیں بنجر ہے اور کچھ پیدا نہیں ہوتا۔ پھر یہاں کے بسنے والوں کو دیکھو تو کالے بھی ہیں اور گورے بھی، خوبصورت بھی ہیں اور بدصورت بھی۔ لمبے قد والے بھی ہیں اور چھوٹے قد والے بھی۔ جنگلیوں کی طرح زندگی بسر کرنے والے بھی ہیں، اور بڑے بڑے شہروں میں رہنے والے بھی، یہاں نہ جانے کتنی طرح کے لوگ ملتے ہیں۔ اور کتنی طرح کی زبانیں اور بولیاں بولتے ہیں۔ کچھ ایسے ہیں جن کو ہندوستان میں بسے ہوئے پانچ ہزار برس سے بھی زیادہ ہو گئے۔ کچھ ایسے ہیں جو تھوڑے ہی دنوں سے یہاں آباد ہیں۔ ایسے دیش میں عجیب عجیب ڈھنگ کی قومیں ہوں گی۔ اور عجیب عجیب زبانیں لیکن اس سے گھبرانا نہیں چاہیے۔ یہ تو اس ملک کے بڑے ہونے کی نشانی ہے، کہ اس میں الگ الگ ہونے پر بھی سب کے مل جل کر رہنے کی گنجائش ہے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) کاٹھ کا گھوڑا

(b) پانی کی آلودگی

(c) زبانوں کا گھر، ہندوستان

(d) بے تکلفی

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) کنہیا لال کپور

(b) سید احتشام حسین

(c) منشی پریم چند

(d) محمد مجیب

(iii) ہندوستان کیسا دیش ہے؟

(a) لمبا چوڑا

(b) بہت چھوٹا

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iv) ہندوستان کی زمین کیسی ہے؟

(a) کہیں زمین سونا اُگلتی ہے

(b) کہیں زمین بنجر ہے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

(v) ہندوستان میں کس کو بسے ہوئے پانچ ہزار برس سے زیادہ ہو گئے ہیں؟

(a) کچھ لوگوں کو

(b) کچھ جانوروں کو

(c) کچھ پرندوں کو

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(vi) ہندوستان کے بڑے ہونے کی نشانی کیا ہے؟

(a) یہاں مختلف قومیں رہتی ہیں

(b) یہاں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں

(c) الگ الگ ہونے پر بھی سب مل جل کر رہتے ہیں

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(vii) درج بالا اقتباس میں مصنف نے کس ملک کے بارے میں لکھا ہے؟

(a) افریقہ

(b) ہندوستان

(c) جاپان

(d) امریکہ

یا

اکبر بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔ اس نے لڑائیاں لڑ کر ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا۔ ایک راجپوتانہ رہ گیا تھا۔ اکبر نے چاہا کہ اسے بھی فتح کر لے۔ اور وہاں بھی سلطنت کرے۔ یہ ارادہ کر کے راجپوتانہ پر فوج کشی کی۔ راجپوت اپنا ملک بچانے کے لیے لڑے تو بڑی بہادری سے مگر آخر کار ان کے پاؤں اُکھڑ گئے۔ راجپوتوں کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچوں کو لے کر کسی جنگل میں جا چھپا۔

راجپوتوں کے ایک سردار کا نام رگھو پت تھا۔ یہ بڑا بہادر اور جرّی تھا۔ اس نے کچھ لوگ اپنی فوج میں داخل کر لیے تھے اور ان کو ساتھ لے کر لڑا کرتا تھا۔ اس نے بہادری میں ایسا نام پیدا کر لیا تھا کہ بڑے بڑے مغل اس کا نام سنکر گھبرا جاتے تھے۔ اکبر کے سپاہیوں نے بڑی کوشش کی کہ کسی طرح اس کو پکڑ لیں مگر وہ ایک جگہ کب رہتا تھا جو اسے پکڑ سکتے۔ رگھو پت سنگھ کی ایک بیوی تھی اور ایک اکلوتا بیٹا تھا جب وہ اپنے دشمنوں سے لڑنے کو گھر سے نکلا تھا، اس کا بیٹا بہت بیمار تھا۔ لیکن اس نے نہ تو اپنے بیمار بچے کا خیال کیا، نہ بیوی کا۔ مغلوں سے لڑنے کو گھر سے نکل کھڑا ہوا۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) بے تکلفی

(b) انٹرنیٹ

(c) قول کا پاس

(d) نئی روشنی

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) کنہیالال کپور

(b) منشی پریم چند

(c) سید احتشام حسین

(d) محمد مجیب

(iii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(a) موریہ

(b) راجپوت

(c) مغل

(d) خلجی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iv) راجپوتوں کے اس سردار کا نام کیا تھا جو جنگل میں چھپ گیا تھا؟

(a) رگھوپت

(b) سردار رانا پرتاپ سنگھ

(c) سردار نرمل سنگھ

(d) سردار بوٹا سنگھ

(v) رگھوپت کون تھا؟

(a) مغلوں کا ایک افسر

(b) اکبر کا درباری

(c) راجپوتوں کا سردار

(d) اکبر کا فوجی

(vi) رگھوپت سنگھ اپنے گھر سے کیوں نکلا تھا ؟

(a) اپنے دشمنوں سے لڑنے کے لیے

(b) مغلوں سے لڑنے کے لیے

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(vii) رگھوپت سنگھ جب لڑنے کے لیے گھر سے نکلا تو کون بیمار تھا ؟

(a) اس کی بیوی

(b) اس کی ماں

(c) اس کا بھائی

(d) اس کا بیٹا

**13۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ *6*

(i) سبق ''پانی کی آلودگی'' کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) سبق ''خدا کے نام خط'' سے کیا پیغام ملتا ہے ؟ تفصیل سے لکھیے۔

**14۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ *2X2=4*

(i) بھیم راؤ امبیڈکر کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے؟

(ii) بینک کے نظام میں انٹرنیٹ کس طرح مفید ہے؟

(iii) تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا؟

(iv) پیروں میں پہیے لگوانے سے بندو کی کیا مراد تھی؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**15۔** درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 1X5=5

ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا کہا کہ یہ آواز اسی خانہ خراب کی سی ہے
میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

(i) درج بالا اشعار شاعری کی کس صنف کے ہیں ؟

(a) نظم کے

(b) مرثیہ کے

(c) غزل کے

(d) رباعی کے

(ii) اس شعری حصے کے پہلے شعر کو کیا کہیں گے ؟

(a) مطلع

(b) مقطع

(c) قافیہ

(d) ردیف

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(iii) شاعر نے ہستی کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے ؟

(a) شراب سے

(b) حباب سے

(c) پنکھڑی سے

(d) اضطراب سے

(iv) شاعر نے ''پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے'' کس کو کہا ہے ؟

(a) محبوب کی زلفوں کو

(b) محبوب کے ہونٹوں کو

(c) زندگی کو

(d) حالت اضطراب کو

(v) 'عمرِ خضر' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(a) چھوٹی عمر

(b) کسی بھی انسان کی عمر

(c) بہت چھوٹی عمر

(d) لمبی عمر

یا

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اس کو مان ملے

جو پان کھلاوے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے

جوجیسا جس کے ساتھ کرے پھر ویسا اس کو آن ملے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

جو پار اتارے اوروں کو اس کی بھی ناؤ اترنی ہے

جو غرق کرے پھر اس کو بھی یاں ڈبکو ڈبکو کرنی ہے

شمشیر، تیر، بندوق، سناں اور نشتر، تیز نہرنی ہے

یاں جیسی جیسی کرنی ہے پھر ویسی ویسی بھرنی ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

www.careerindia.com

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟

(a) پہاڑ اور گلہری

(b) نیکی اور بدی

(c) اے شریف انسانو

(d) قدم بڑھاؤ دوستو

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(a) اقبالؔ

(b) بشرؔ نواز

(c) نظیرؔ اکبر آبادی

(d) ساحرؔ لدھیانوی

(iii) جو کسی کا مان رکھے تو اس کو بھی۔۔۔۔

(a) مان ملے

(b) نان ملے

(c) احسان ملے

(d) نقصان ملے

(iv) کس کی ناؤ پار اترتی ہے ؟

(a) جو دوسروں کی ناؤ غرق کرتا ہے

(b) جو دوسروں کی ناؤ ڈبکوڈ بکو کرتا ہے

(c) جو دوسروں کی ناؤ پار اتارتا ہے

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) ''کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے''۔شعر مکمل کیجیے

(a) گر مست کرے تو مستی ہے، اور پست کرے تو پستی ہے

(b) یاں ہر دم جھگڑے اٹھتے ہیں، ہر آن عدالت بستی ہے

(c) اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے، یاں سودا دست بدستی ہے

(d) ہے دنیا جس کا نام میاں یہ اور طرح کی بستی ہے

**16**۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ 6

(i) دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

جو جا کے نہ آئے وہ بڑھاپا دیکھا جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

اوپر کی رباعی کی روشنی میں میر انیس کی رباعی گوئی کی خصوصیات تفصیل سے لکھیے۔

CAREERINDIA

(ii) ساحر لدھیانوی نے اپنی نظم ''اے شریف انسانو!'' کے ذریعے کیا پیغام دیا ہے۔ تفصیل سے لکھیے۔

**17**۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 2X2=4

(i) نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

درج بالا شعر میں شاعر کیا بات کہنا چاہتا ہے ؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(ii) کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی

اس شعر میں کوئی صورت نظر نہیں آتی سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(iii) قدم بڑھاؤ دوستو! سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(iv) شعر مکمل کیجیے : ۔

آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں

---------------

شاعر کا نام بھی لکھیے۔

www.careerindia.com